متقیوں کا پیشوا بنادے۔"

﴿واجعلنا للمتقين اماما﴾ کے بارے میں بعض علماء کرام نے فرمایا ہے کہ ہر شخص اپنے اہل وعیال کا قدرتی طور پر امام وپیشوا ہوتا ہے۔ اس لیے اس کی دعا کا حاصل یہ ہے کہ: ہماری اولاد اور اہل وعیال کو متقی بنادیجئے۔ پس جس کی اولاد متقی ہوجائے، وہ متقین کا امام وپیشوا کہلائے گا۔ پس یہاں اپنی پیشوائی کی دعا میں اپنے لئے کوئی ریاست واقتدار اور عہدے کا مطالبہ نہیں، بلکہ مقصود یہ ہے کہ "ہمیں ایسا بنادیجئے کہ لوگ دین وعمل میں ہماری اقتداء کیا کریں۔ اور ہمارے علم وعمل سے ان کو نفع پہنچایئے تاکہ اس کا ثواب ہمیں حاصل ہوتا رہے۔" اگر اولاد کی تربیت صحیح اسلامی بنیادوں پر ہو، تو یہی اولاد آگے چل کر جو بھی دین کا کام کرے گی، اس میں آپ کا پورا پورا حصہ ہوگا۔

اگر بچپن میں ہی ان کا انتقال ہوگیا اور اللہ تعالیٰ کی مرضی سمجھ کر آپ نے اس پر صبر کیا، تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کے لیے بے تحاشا اجر ہے۔ (**لا يموت لأحد من المسلمين ثلاثة من الولد فتمسه النار الا تحلة القسم**) (بخاری، کتاب الجنائز) اور یہی بچے ماں باپ کے لئے دوزخ کی آگ سے آڑ ہیں، والدین کی سفارش کرنے والے ہیں۔

اور اولاد کی زندگی میں اگر آپ دنیا سے رخصت ہوگئے، تو نیک اولاد آپ کے لئے ایک ایسا صدقہ ہے جس کا اجر رہتی دنیا تک آپ کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا رہے گا۔ (**اذا مات ابن آدم انقطع عنه عمله الا من ثلاث: صدقة جارية، أو علم ينتفع به، أو ولد صالح يدعو له**) (صحیح مسلم)

اس لیے اللہ تعالیٰ کے اس عظیم انعام پر اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ادا کیجیے کہ یا اللہ! تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تو نے مجھے ایسی دولت سے نوازا جو نہ قوت سے حاصل کی جاسکتی ہے نہ دولت سے۔ یا اللہ مجھے توفیق عطا فرما کہ میں اس بیٹے اور بیٹی کی ایسی تربیت کروں کہ یہ تیرے دین کے داعی اور مجاہد بنیں۔

**مراجع:** ☆ تربية الاولاد فی الاسلام ☆ مثالی باپ

## دانائی کی باتیں

(عدیلہ)

- علم ایک ایسا بادل ہے جس سے رحمت برستی ہے۔
- علم ایک ایسا پھول ہے جو جتنا زیادہ کھلتا ہے اتنی زیادہ خوشبو دیتا ہے۔
- علم ایک ایسا خزانہ ہے جسے کوئی نہیں چرا سکتا۔
- دل کا سکون چاہتے ہو تو حسد سے دور رہو۔

# اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام

4-4-2006 جناب ایکسین صاحب P.W.D. ضلع گانگھڑ نے فارم تو حید آباد کا دورہ کیا اور سیلاب سے تباہ شدہ کو یل بروقت بنانے کی ہدایت دی۔

9-4-2006 جامعہ دار العلوم بلتستان کے زیر انتظام جناب ڈاکٹر نیاز علی (آئی سپیشلسٹ) نے یک روزہ آئی کیمپ بمقام کلیۃ الحدیث منجر اور کلیۃ الدراسات للبنات میں لگایا۔ جس میں طلباء وطالبات جامعہ کے علاوہ عوام الناس کی ایک بڑی تعداد نے بھی تشخیص کروائی۔

10-4-2006 الاثر پبلک سکول اور مدرسہ تعلیم القرآن کھرفق کا سنگ بنیاد بدست شیخ الحدیث ثناء اللہ سالک رکھا گیا۔

11-4-2006 جمعیت طلبائے جامعہ کے انتخاب میں درج ذیل طلباء منتخب ہوئے:

عبداللطیف عبدالرحمٰن: (امیر) حبیب الرحمٰن عبدالرحمٰن: (نائب امیر) محمد حسن عسکری: (جنرل سیکرٹری) مظفر سلیمان: (نائب سیکرٹری)، عبدالرشید عبدالسلام (خازن)، عنایت اللہ عبدالرحمٰن: (نائب خازن) عبداللہ شاکر، رستم عثمانی، فردوس غلام قادر اور عبید الرحمٰن عطاء الرحمٰن: (ناظمین صلاۃ)

23-4-2006 جمعیت طلبائے جامعہ نے تعلیمی سال کا افتتاحی جلسہ "حرمت رسول ﷺ" کے عنوان پر منعقد کیا۔

7-5-2006 کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ للبنات میں رواں سال کا افتتاحی جلسہ منعقد ہوا۔

10-5-2006 معہد ابی بکر الصدیق یوگو کے مدرس مولانا اسماعیل شہابؒ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ ﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾ آپ کی عمر 38 سال تھی، آپ ایک ہر دل عزیز شخصیت، انتہائی سادہ اور نیک انسان تھے۔

17-5-2006 جناب شیخ خورشید انور صاحب آف کراچی نے فیملی سمیت فارم تو حید آباد کا معائنہ کیا۔

19-5-2006 جمعیت طلباء کے زیر اہتمام جامع مسجد نصرۃ الاسلام کریس میں (حرمت رسول ﷺ) کے موضوع پر دوسرا جلسہ منعقد کیا گیا، جس میں شیخ الحدیث مولانا ثناء اللہ سالک و دیگر علماء نے خطاب کیا۔

23-5-2006 فضیلۃ الشیخ ابو عمر آفس سیکرٹری بیت الزکاۃ کویت بطور نمائندہ تشریف لائے۔ انہوں نے یونیورسٹی اور بیت الزکاۃ کویت کے تعاون سے تعمیر شدہ مشاریع کا دورہ کیا۔

26-5-2006 جمعیت طلباء کے زیر اہتمام "تحفظ حرمت رسول ﷺ" کانفرنس بمقام جامع مسجد گھربی کھورغواڑی منعقد

ہوئی، جس کی صدارت مدیر الجامعہ نے کی۔

31-5-2006 جناب بریگیڈئر سیاچن نے فارم توحید آباد کا دورہ کیا اور مدیر الجامعہ و رئیس مجلس عمل سے تبادلہ خیال کیا۔

3-6-2006 جماعت کے ترجمان جناب الشیخ ابراہیم خلیل الفضلی نے یونیورسٹی اور فارم کا دورہ کیا، بعد نماز ظہر جامع الجامعہ میں اساتذہ و طلباء سے خصوصی خطاب کیا۔

11-6-2006 مجلس عاملہ جمعیت اہلحدیث بلتستان کے دوسرے اجتماع میں =/3000 سے کم تنخواہ والے ملازمین کے مشاہروں میں 5% اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

14-6-2006 صندوق البر جامعہ دارالعلوم بلتستان کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت جناب الشیخ عبدالواحد رئیس لجنة البر منعقد ہوا اور 35 کے قریب لڑکوں اور لڑکیوں میں شادی فنڈز تقسیم کیے گئے۔

14-6-2006 جمعیت طلباء کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی حرمت رسول ﷺ کانفرنسوں کا آخری اجتماع جامع مسجد یگو میں منعقد ہوا، جس میں جید علمائے کرام اور طلباء نے خطاب کیا۔

18-6-2006 جناب طارق عمر خان صاحب ڈائریکٹر P.C.S.I.O سکردو نے فارم توحید آباد میں مختلف پھلوں کا جام جوس وغیرہ بنانے پر بریفنگ دی۔ جزاہ اللہ خیراً

20-6-2006 کتاب "ریاض الصالحین" مترجم کے سینکڑوں نسخے الشیخ عبدالرحمن محمود حفظہ اللہ نائب مدیر مکتب الدعوۃ اسلام آباد کی وساطت سے بلتستان کی اہلحدیث مساجد میں تقسیم کیے گئے۔ جزی اللہ کل من بذل جهوده في هذا السبيل خيرا كثيراً۔

25-6-2006 جامعہ دارالعلوم کے شعبہ تحفیظ القرآن للبنات سے 6 طالبات کی فراغت کے موقع پر ایک باوقار تقریب منعقد ہوئی۔ اس پر مسرت و پر سعادت موقع پر علمائے کرام نے قرآن کریم کے فضائل، آداب، حفاظت اور معجزوں سے متعلق خطاب کیا۔

25-6-2006 فارم توحید آباد و گلشن آباد کی نئی کویل کا افتتاح کیا گیا، جو کہ پچھلے سال سیلاب کی وجہ سے تباہ ہوا تھا۔

26-6-2006 انگلینڈ سے نومسلم عبدالسلام سابق ولیم بمع فیملی تشریف لائے، جامعہ اور الاثر پبلک سکول کا دورہ کیا، لیکن افسوس کہ تدریسی سٹاف کے ساتھ تبادلہ خیالات یا انٹرویو کا موقع میسر نہ آیا۔

28-6-2006 جناب مولانا الحاج عبدالرزاق صاحب سابق M.P.A وخزانچی مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان مع فیملی بلتستان کے دورے پر تشریف لائے اور جامعہ و دیگر مشاریع کا مشاہدہ کیا۔

30-6-2006 وزیر مملکت برائے خزانہ عمر ایوب خان اوران کے والد گوہر ایوب خان سابق وزیر خارجہ بمع فیملی تشریف لائے۔ ان کے اعزاز میں توحید آباد فارم میں ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا، اور الشیخ عبدالرشید صدیقی نے سپاسنامہ پیش کیا۔ اور نائب مدیر جامعہ ودیگر مسئولین نے مہمانوں سے تبادلہ خیالات بھی کیا۔

29-6-2006 ماہر امراض چشم ڈاکٹر احمد داؤد صاحب میو ہسپتال لاہور کی زیر قیادت ڈاکٹروں کی ٹیم نے 29 جون تا یکم جولائی 2006 بمقام سول ہسپتال غواڑی فری آئی کیمپ لگایا۔ اس موقع پر ادارہ جامعہ کی انتظامیہ نے معزز مہمانوں کے لیے توحید آباد فارم میں ایک ظہرانے کا اہتمام کیا۔

# اخبار الجامعة

أبو عمر سالك

4-4-2006 زار المهندس لقسم المشاريع بمديرية غانشي بلتستان أماكن الحفريات التي جَرَفَتها السيول وزار جدولَ الماء الذي سيتم بناؤه على ممر السيول وأكد المقاول على تكميل المشروع قبل ازدياد المياه ـ

9-4-2006 أقيم المخيم الطبي في مقر الجامعة ليوم واحد لمصابي العين بفحص الدكتور/نياز على أخصائي لأمراض العين۔

10-4-2006 شيخ الحديث ثناء الله سالك قام بوضع الحجر الأساسي لمدرسة تعليم القرآن والمدرسة الأهلية الراقية بقرية كهرفق ـ وسيتم بناؤها بالتعاون مع بيت الزكاة الكويتي۔

11-4-2006 وقع انتخاب المسئولين لجمعية الطلبة بجامعة دار العلوم بلتستان للاشراف على الأنشطة الدعوية والثقافية التي يمارسها الطلاب خلال هذه السنة۔

23-4-2006 بدأت جمعية الطلبة أنشطتَها الدعويةَ بعقد الجلسة الافتتاحية بعنوان "حرمة الرسول ﷺ ومكانته الشريفة" وقد حاضر فيها الشيخ محمد ابراهيم على والشيخ ثناء الله سالك والشيخ عبيدالرحمن المدني وغيرهم من الأساتذة والطلاب ـ

7-5-2006 بدأت الأنشطة الدعوية والثقافية في كلية الدراسات للطالبات بالجلسة الافتتاحية۔

10-5-2006 فقدت أسرةُ الجامعة الشيخَ محمد اسماعيل شهاب ـ رحمه الله ـ المدرس في معهد أبي بكر الصديق بيوجو الذي وافته المنية فجر يوم الثلاثاء عن عمر يناهز ٣٨ عاماً۔

19-5-2006 أقيمت الجلسة الثانية من الاجتماعات المؤكدة بحرمة الرسول ﷺ باهتمام جمعية طلبة الجامعة بعنوان "مكانة الرسول ﷺ" في المسجد الجامع بمدرسة نصرة الاسلام كريس وألقيت فيها محاضرات قيمة من قبل دعاة الجامعة ۔

19-5-2006 قدم السيد/خورشيد انور من كراتشي لزيارة الجامعة وأظهر الفرح والسرور لما رأى من النشاطات الدعوية والمشاريع الخيرية في أنحاء ربوع بلتستان ۔

23-5-2006 تشرف فضيلة الشيخ/أبوعمر عبدالله خالد مندوب بيت الزكاة الكويتي بزيارة الجامعة و ألقى فضيلته كلمات توجيهية لاخوانه الدعاة، كما قام فضيلته بزيارة المشاريع الخيرية لبيت الزكا ة الكويتي، وأعرب فضيلته عن فرحه وسروره لما رأى من الانجازات الطيبة في ميادين التربية والتعليم والدعوة والارشاد ، وفي ميدان العمل الخيري كما نبه فضيلته على بعض الخلل ۔فشكر الله سعيه وجزاه خيراً۔

26-5-2006 انعقدت الجلسةالثالثة الدعوية باشراف جمعية الطلبة بعنوان "حرمة الرسول ﷺ ومكانته" في جامع الجامعة (بكلية الدراسات الاسلامية)

31-5-2006 زار قائد الجيش بمديرية غانشي مزرعة توحيد آباد والتقى مع مدير الجامعة ورئيس مجلس العمل وناقش في بعض المسائل المهمة ۔

3-6-2006 تشرف فضيلة الشيخ/ابراهيم خليل الفضلي الداعية الاسلامي ومندوب مكتب الدعوة باسلام آباد ، وألقى فضيلته محاضرة بعنوان "مسئولية الدعوة والدعاة" ۔

11-6-2006 عقد مجلس العمل جلسته الثانية لهذا العام وصدر بعدة قرارات منهااضافة 5% من رواتب الدعاة والمعلمات الذين رواتبهم أقل من ثلاثة آلاف روبية ۔

20-6-2006 حصل أمير الجمعية بتعاون نائب مدير مكتب الدعوة باسلام آباد على أكثر من مائة نسخة من كتاب "رياض الصالحين" المترجم وتم توزيعه على مساجد أهل الحديث بلتستان بهدف الدروس يومياً۔

14-6-2006 انعقدت جلسةٌ للجنة صندوق البر وتم توزيع مساعدة الزواج لأكثر من ٣٥ شابا وشابة وذلك بمساعدة المحسنين من دولة الكويت۔جزاهم الله خيرا